17/06/2026

09.25 AM (5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں۔۔۔اعجازہ اختر

PM

اجلاس کے حاشیے پر آج امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے ساتھ ملاقات کریں گے ۔ دونوں G7 وزیر اعظم نریندر مودی فرانس میں جاری لیڈر باہمی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور علاقائی و بین الاقوامی معاملات پر تبادلہ خیال کرینگے ۔

اس سے قبل وزیر اعظم نے کل اجلاس کے حاشیے پر کئی عالمی لیڈروں کے ساتھ الگ الگ میٹنگس کیں۔

جتندر سنگھ

Pre Retirement سرینگر میں 59ویںSKICC پرسنل، عوامی شکایات اور پنشنز کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کل کونسلنگ ورکشاپ کا افتتاح کیا۔

محکمہ //سبکدوش ہونے والے ملازمین کےلئے اسطرح کے کونسلنگ ورکشاپس کا اہتمام کر تا ہے تاکہ ان DOPPW انہوںنے کہا کہ پنشنروں کے معیار حیات میں بہتری لائی جا سکے۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سرینگر میں گندے پانی کے ٹریٹمنٹ کے نظام کو مستحکم کر نے کی غرض سے26کروڑ50لاکھ روپے لاگت اور چھتہ بل STPوالے2بڑے سیوریج پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا۔ ان میں براری نمبل سرینگر کا17اعشاریہ صفر8صلاحیت والا شامل ہے۔STP سرینگر میں2اعشاریہ5ایم ایل ڈی صلاحیت والا

اس دوران وزیر اعلی کی صدارت میں سرینگر ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے بورڈ آف ڈائریکٹرس کی 84ویں میٹنگ منعقد ہوئی۔ اس موقعے کی طرف سے عملائے جا رہے بڑے ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔SDAپر

سکینہ

صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتونے جموں کے تالاب کھٹیکان علاقے میں ملٹی سشپلیٹی ہیلتھ چیک اپ اور خون کے عطیے کے کیمپ کا افتتاح کیا۔ اس دوران وزیر موصوفہ نے صحت کی دیکھ بھال کو مضبوط بنانے اور رضا کارانہ خون کے عطیے کو فروغ دینے جموں کے اشتراک سے کیا گیا۔GMC کیلئے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔ اس کیمپ کا انعقاد محکمہ صحت اور

محرم

آج سے محرم الحرام کے مقدس مہینے کی شروعات کے ساتھ ہی نئے قمری سال1448ہجری کا آغاز ہو گیا ہے۔ اس مہینے کی 10 تاریخ کو میدانِ کربلا میں نواسہ رسول ﷺ حضرت امام حسین ؑ نے اسلام کی سر بلندی کےلئے اپنی اور اپنے رفقا کی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ۔

آج سے وادی بھر میں عزاداری اور حسینی مجالس کا انعقاد بھی ہو رہا ہے جس دوران کربلا کے شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔

ستیش شرما

امور صارفین کے وزیر ستیش شرما نے کل سرینگر کے کئی علاقوں کا دورہ کرکے محرم الحرام کے سلسلے مینکئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے عزاداروں کیلئے تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے پر زور دیا۔

وزیر موصوف نے جھیل ڈل کے اندرونی علاقوں کا دورہ کرکے وہاںپر جاری ترقیاتی کاموںکی پیشرفت کا بھی جائزہ لیا۔ زڈی بل کے MLA تنویر صادق اور ضلع انتظامیہ کے کئی سینئر افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے انتظامیہ کے اعلیٰ افسران کی ایک میٹنگ طلب کرکے 21جون کومنائے جانے والے بین الاقوامی یوگا ڈے کیلئے کی جا رہی تیاریوں کا جائزہ لیا۔چیف سیکریٹری نے یوگا کے پیغام کو عام کرنے کے ساتھ ساتھ اس مناسبت سے جموں کشمیر کے قدرتی حسن اور سیاحتی وسعت کو بھی فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے یوگا ڈے کی تقریبات کے احسن انعقاد کیلئے مختلف محکموں کے درمیان قریبی تال میل پر زور دیا۔

MOU

جموں کشمیر میں قدرتی آفات کے اثرات سے نمٹنے کی صلاحیت کو مزید مضبوط بنانے کی جانب ایک اہم پیشرفت کے تحت راشٹریہ رکشا یونیورسٹی RRU کے J&K- کیمپس اور جمونکشمیرسٹیٹ دزاسٹر ریسپانس فورس نے ایک مفاہمت نامہ طے کیا ہے

RR اس کا مقصد

U اور SDRF کے تجربات سے آفات کے اثرات سے نمٹنے کے علاوہ تربیت ، تحقیق اور صلاحیت سازی کے شعبوں کو فروغ کی مہارت دینا ہے۔

کمیٹی

جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے چاڈورہ کے نیگو برنوار علاقے میں حال ہی میں پیش آئے سڑک حادثے میں جاں بحق ہوئے شخص کے لواحقین کے ساتھ اظہار تعزیت اور ہمدردی کرتے ہوئے کہا کہ اس مشکل وقت میں حکومت متاثرہ کنبے کو ہر ممکن تعاون دینے کی وعدہ بند ہے۔

راتھر

نذیر احمد خان گریزی کی صدارت MLA قانون ساز اسمبلی کے تخمینے سے متعلق کمیٹی کا اجلاس کل اسمبلی سیکریٹریٹ سرینگر میں میں منعقد ہوا ۔انہوننے اراکین کو کمیٹی کے بنیادی مینڈیٹ اور اہمیت سے آگاہ کیا ۔ ارکان نے نظر ثانی شدہ تخمینوں کی جانچ اور خطے میں مختلف ترقیاتی منصوبوں پر ہونے والے خدشے پر بھی غور و خوض کیا۔

امت شرما

چیف پرنسپل سینسس آفیسر اور ڈائریکٹر مردم شماری آپریشنز جموں کشمیراور لداخ امت شرما نے پرنسپل مردم شماری آفیسر کپواڑہ کے تحت جاری ہاؤس لسٹنگ آپریشنز کی پیشرفت کا جائز ہ لیا۔ CH72 شری کانت سوسے کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران کپواڑہ میں میٹنگ کے دوران امت شرما نے سائبر فراڈ میں ملوث مجرموں کے خلاف عوام کی بیداری کو یقینی بنانے پر زور دیا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت15اعشاریہ9 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ23 اعشاریہ9ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ